پریس ریلیز

پروفیسر الفرید ظفر نے جنرل ہسپتال نرسنگ انتظامیہ کے نئے دفاتر کا افتتاح کر دیا

بہتر اور صاف ستھرے ماحول میں سرکاری امور کی انجام دہی احسن انداز میں ہو سکتی ہے

نرسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتیں بڑھانے کے لئے تربیتی ورکشاپ کروانے کا شیڈول مرتب کرلیا

مریض اللہ تعالیٰ کی امانت ، بہتر دیکھ بھال و حسن سلوک شعبہ نرسنگ کا ماٹو ہے

طب سے وابستہ افراد کو ہمیشہ صبر وتحمل ، حاضر دماغی اور ڈسپلن کے اصول پر کار بند رہنا چاہیے

کورونا وباءمیں نرسز نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دن رات دوسروں کی خدمت جاری رکھی ،بغیر خوف سینہ سپر رہیں

ڈپٹی چیف سپرنٹنڈنٹ ،نرسنگ سپرنٹنڈنٹ و ینگ نرسز ایسوسی ایشن کا اس اہم اقدام پر پرنسپل سے اظہار تشکر

لاہور 13 جون:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں پہلے سے قائم عمارت کی تزئین و آرائش کروا کر اسے نرسنگ انتظامیہ کے دفاتر کیلئے مخصوص کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔گزشتہ روز اس حوالے سے افتتاحی تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہاں ڈپٹی چیف سپرنٹنڈنٹ ،نرسنگ سپرنٹنڈنٹ اور سٹاف خوشگوار و صاف ستھرے ماحول میں اپنے امور کی انجام دہی کر سکیں گے جس سے سرکاری امور کی انجام دہی احسن انداز میں ہو سکے گی۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن قرۃ العین،ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ رمضان بی بی،نرسنگ سپرنٹنڈنٹ میمونہ ستار،انور سلطانہ،ینگ نرسنگ ایسوسی ایشن کی صدر خالدہ تبسم و دیگر عہدیداران بھی موجود تھیں۔

پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ ہسپتال میں علاج معالجہ کی بہتر سہولیات ،مریضوں سے احسن طریقے سے پیش آنے اور وارڈ مینجمنٹ میں نرسز کا بنیادی کردار ہوتا ہے جو ڈاکٹرز کے شانہ بشانہ دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنے فرائض منصبی ادا کرتی ہیں اور دن رات سرگرم عمل رہتی ہیں۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ ہسپتال انتظامیہ کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ نرسز کو ادارے میں بہتر سہولیات اور اکاموڈیشن فراہم کرنے میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں تا کہ نرسیں با وقار انداز اور دلجمعی کے ساتھ مریضوں کی مزید بہتر نگہداشت کر سکیں۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نرسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتیں مزید بڑھانے کے لئے تربیتی ورکشاپ کروانے کا شیڈول مرتب کرلیا ہے تا کہ وہ نئی نئی بیماریوں کے علاج اور ہنگامی صورتحال میں کسی مشکل کے بغیر میں ڈیوٹی کر سکیں۔انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے سے وابستہ افراد کو ہمیشہ صبر وتحمل، حاضر دماغی اور ڈسپلن کے اصول پر کار بند رہنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ نرسنگ کا شعبہ دعائیں سمیٹنے کا اہم ذریعہ ہے اور اس سے وابستہ افراد انتہائی خوش قسمت ہیں کہ مریض اُن کے پاس اللہ تعالیٰ کی امانت ہوتے ہیں لہذا اُنہیں ان کی جان بچانے کے لئے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ مریضوں کی بہتر نگہداشت اور حسن سلوک نرسنگ شعبے کا "ماٹو" ہے جس کو عملی جامہ پہنانے کے لئے نرسز کو اعلیٰ تعلیم کے لئے بھر پور جدوجہد کرنی چاہیے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ نرسز کی طرف سے کورونا وبا میں کیے گئے ریکارڈ کام کو تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی جب ان نرسز نے اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دن رات دوسروں کی خدمت جاری رکھی اور کسی خوف کے بغیر سینہ سپر رہیں۔اس موقع پر ینگ نرسز ایسوسی ایشن کی صدر خالدہ تبسم نے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر کا اپنی کمیونٹی کی طرف سے اس اہم اقدام پر شکریہ ادا کیا اور انہیں مستقبل میں بھی اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆

پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر لاہور جنرل ہسپتال میں نرسنگ انتظامیہ کے نئے دفاتر مخصوص کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر کا نرسنگ انتظامیہ کے فاتر کے افتتاح کے بعد شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو